# دفتر برائے تعلقات عامہ ومیڈیا کوآرڈی نیشن

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# نئی دہلی

# 15 نومبر، 2019

# پریس ریلیز

## یو جی سی نے جامعہ کے 4 نئے قائم شدہ شعبوں کے لئے تدریسی عہدوں کو دی منظوری

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یو جی سی) نے حال ہی میں منظور شدہ 4 نئے شعبوں میں 28 تدریسی عہدوں کو منظوری دے دی۔ اس میں غیر ملکی زبانیں، اسپتال مینجمنٹ اینڈ ہاسپیس اسٹڈیز، ڈیزائن اینڈ انوویشن اور ماحولیاتی علوم شامل ہیں۔

یونیورسٹی کی درخواست پر، یو جی سی نے ہر شعبہ میں سات اسامیاں منظور کی ہیں جن میں ایک پروفیسر، دو ایسوسی ایٹ پروفیسر اور چار اسسٹنٹ پروفیسر شامل ہیں۔

قابل ذکر ہے کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر نجمہ اختر نے 29 اکتوبر کو یونیورسٹی کے 99 ویں یوم تاسیس کی تقریبات میں جامعہ کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ جلد ہی یونیورسٹی میں چار نئے شعبے کھولے جائیں گے۔

یو جی سی کے اس اقدام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے پروفیسر اختر نے کہا کہ ہم کمیشن کے شکر گذار ہیں۔ انھوں نے کہا ہماری شروع سے ہی کوشش رہی ہے کہ جامعہ میں ایسے نئے کورسیز متعارف کرائے جائیں جو وقت کی ضرورت کو بھی پوری کرے اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرے۔

پروفیسر اختر نے امید ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ کمیشن آئندہ بھی جامعہ کو اپنا تعاون دیتا رہے گا تا کہ یونیورسٹی کو مزید ترقی کی جانب لیجانے میں آسانی ہو۔

**احمد عظیم**

**پی آر او اینڈ میڈیا کوآرڈینیٹر**

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی